## عوام بالخصوص مخیّر حضرات سیلاب سے متاثرہ عوام کی دل کھول کر مدد کریں، الطاف حسین کی اپیل

## سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی کیمپوں کا انعقاد

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی کہ وہ ملک بھر میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ عوام کی دل کھول کر مدد کریں اور امدادی اشیاء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر اور ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر قائم امدادی کیمپوں میں جمع کرائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ کے ہولناک سیلاب اور طوفانی بارشوں سے ملک بھر کے مختلف حصوں بالخصوص صوبہ خیبر پختونخواہ میں سینکڑوں افراد جاں بحق ہوچکے ہیں، ہزاروں خاندان کھلے آسمان تلے بھوک وافلاس اور کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بحیثیت پاکستانی مصیبت کی اس گھڑی میں اپنے بھائیوں کی مدد کرنا ہمارا قومی فرض ہے لہٰذا حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ خاندانوں کی دل کھول کر مدد کریں اور امدادی اشیاء اور نقد رقوم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں جمع کرائیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مخیّر حضرات امدادی اشیاء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر اور ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر قائم امدادی کیمپوں میں جمع کرا سکتے ہیں اور مزید معلومات کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کے فون نمبر 34264572 اور ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے فون نمبر 36313690 اور 36329900 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ملک بھر میں طوفانی بارشوں اور ہولناک سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی کیمپ لگادیئے گئے ہیں جہاں شہریوں کی جانب سے امدادی اشیاء جمع کرانے کا سلسلہ جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم کی جانب سے طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا اور ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں امدادی کیمپ قائم لگائے گئے ہیں جہاں شہریوں کی جانب سے صوبہ سندھ، صوبہ خیبر پختونخواہ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے غذائی اجناس اور روزمرہ زندگی کی دیگر اشیاء جمع کرائی جارہی ہیں۔ایم کیو ایم کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر فیڈرل بی ایریا اور ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے امدادی کیمپوں میں جمع ہونے والی امدادی اشیاء حق پرست عوامی نمائندوں کے ذریعہ Disaster Management Cell تک پہنچائی جائیں گی اور بعد ازاں یہ امدادی اشیاء متاثرہ علاقوں میں ارسال کردی جائے گی۔

## جمیل خانزادہ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔یکم اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن اور سابق حق ست کونسلر جمیل خانزداہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید جمیل خانزادہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## جمیل خانزادہ کا قتل شہر کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔یکم اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیو ایم شاہ فیصل یونٹ 107 کے کارکن اور سابق حق پرست کونسل جمیل خانزادہ کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو شہر کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اتوار کی شام جمیل خانزادہ ولد طفیل خانزادہ عظیم پورا قبرستان میں اپنے والدین کی قبروں پر فاتحہ خوانی کررہے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئے انہیں فوری طور پر اسپتال لیجایا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ شہر میں دہشت گردوں کو قتل وغارتگری کرنے کا کھلا لائسنس دے دیا گیا۔گزشتہ دنوں بھی دہشت گردوں نے ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ آفس پر فائرنگ کرکے ایک کارکن کو شہید کردیا تھا۔جس کی وجہ سے دہشت گرد نہ صرف آزاد بلکہ وہ ایم کیو ایم کے بے گناہ کارکنان کو قتل کررہے ہیں اور جمیل خانزادہ کا قتل بھی اسی سازش کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنر سندھ عشرت العباد اور وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ وہ جمیل خانزدہ کے قتل کے واقعہ کا فوری نوٹس لیں اور واقعہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے قانون کے

مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔انہوں نے جمیل خانزادہ شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## حیدرآباد زون وسیکٹر، لیگل ایڈ کمیٹی اور اے پی ایم ایس او کے وفود نے رابطہ کمیٹی کے ہمراہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگارِ شہدائے حق پر حاضری دی

کراچی۔۔۔یکم راگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون وسیکٹرز، لیگل ایڈ کمیٹی اور آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے وفود نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف، سید مصطفیٰ کمال اور کیف الورائی کے ہمراہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے شہداء کی یاد میں تعمیر کی گئی ''یادگارِ شہدائے حق'' پر علیحدہ علیحدہ حاضری دی ، پھولوں کی چادر چڑھائی اور حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔وفود نے یادگار شہدائے حق پر شہداء کی ارواح کیلئے فاتحہ خوانی کی اور تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات بھی قلمبند کئے۔واضح رہے کہ یادگار شہدائے حق کا افتتاح 26 جولائی 2010ء کو متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کیا تھا۔

## نائن زیرو کی پڑوسن نسیم بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم راگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نائن زیرو کی پڑوسی نسیم بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نسیم بیگم مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ملتان میں کشتی الٹنے سے 12 افراد کی ہلاکت پر رابطہ کمیٹی کا افسوس کا اظہار

کراچی۔۔۔یکم،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملتان میں کشتی ڈوبنے سے 5 خواتین سمیت متعدد افراد کی ہلاکت پر دلی افسوس کا ظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حضرت لعل شہباز قلندر کے عرس پر گولڈن گیٹ اور تعلقہ ہسپتال پر ایم کیو ایم کے تحت مفت طبّی کیمپس قائم کر دیئے گئے

سہون۔۔۔یکم راگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عظیم صوفی بزرگ حضرت لعل شہباز قلندر کے 758 ویں سالانہ عرس کی تقریبات کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت گولڈن گیٹ اور تعلقہ ہسپتال پر مفت طبّی کیمپس لگائے دیئے گئے۔طبّی کیمپس میں مجموعی طور پر ہزاروں زائرین کا مفت طبّی معائنہ کیا گیا اور انہیں ادویات فراہم کی گئی۔طبّی کیمپس پر میڈیکل ایڈ کمیٹی سے تعلق رکھنے والے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹرز شامل ہیں۔کیمپس پر زائرین کا رش دیکھنے میں آیا اور مزار شریف پر آنے والے ہزاروں زائزین نے کیمپ پہنچ کر اپنا مکمل چیک کروایا اور ادویات مفت حاصل کی۔

☆☆☆☆☆